PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

# پاکستان کرکٹ ٹیم آئندہ ماہ بنگلہ دیش میں تین ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کھیلے گی

لاہور 25 جون 2025ء:

بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ نے آج تصدیق کی ہے کہ پاکستان مینز کرکٹ ٹیم تین ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچوں کی سیریز کھیلنے کے لیے آئندہ ماہ بنگلہ دیش کا دورہ کرے گی۔

پاکستان ٹیم 16 جولائی کو ڈھاکہ پہنچے گی اور اتوار 20 جولائی کو پہلے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں میزبان ٹیم کے مقابل ہوگی۔

دوسرا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل منگل 22 جولائی کو کھیلا جائے گا جبکہ سیریز کا تیسرا اور آخری میچ جمعرات 24 جولائی کو ہوگا۔

تینوں ٹی ٹوئنٹی میچز ڈھاکہ کے شیر بنگلہ نیشنل کرکٹ سٹیڈیم میں کھیلے جائیں گے۔

یہ میچ بنگلہ دیش کے وقت کے مطابق شام 6 بجے (پاکستانی وقت کے مطابق شام 5 بجے) شروع ہونگے۔

دونوں ٹیمیں آخری بار حال ہی میں لاہور کے قذافی سٹیڈیم میں تین میچوں کی ٹی ٹوئنٹی سیریز میں مدمقابل ہوئی تھیں جس میں پاکستان ٹیم نے کلین سوئپ کیا تھا۔

بنگلہ دیش میں سیریز کا شیڈول۔

16جولائی–پاکستان ٹیم کی ڈھاکہ آمد

20جولائی–پہلاٹی ٹوئنٹی انٹر نیشنل۔شیر بنگلہ نیشنل کرکٹ اسٹیڈیم ڈھاکہ۔(مقامی وقت کے مطابق شام 6 بجے)

22جولائی۔دوسرا ٹی ٹوئنٹی انٹر نیشنل۔شیر بنگلہ نیشنل کرکٹ اسٹیڈیم ڈھاکہ۔(مقامی وقت کے مطابق شام 6 بجے)

24جولائی۔تیسرا ٹی ٹوئنٹی انٹر نیشنل۔شیر بنگلہ نیشنل کرکٹ اسٹیڈیم ڈھاکہ۔(مقامی وقت کے مطابق شام 6 بجے)

Media contact:

**Media, Communications and Digital Department**
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial